24/03/2026 12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

تپ دق عالمی دن

آج تپ دق مخالف عالمی دن ہے۔ اس دن کا مقصد اس بیماری سے بچاو کی تدابیر سے متعلق بیداری پیدا کرنا ہے۔

Tuberculosis ورلڈ ڈے کے موقعے پر صدر جمہوریہ دروپدی مر مو نے کہا ہے کہ ملک میں تپ دق کے مکمل خاتمے کیلئے متعلقہ اداروں اور ایجنسیوں کو قریبی تال میل کے ساتھ کام کرنا چاہئے۔ اپنے ایک پیغام میں
ا

نہوں نے کہا ہے کہ ٹی بی مکت بھارت ابھیان کے خاطر خواہ نتائج بر آمد ہوئے ہیں۔ملک بھر ± کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی آج اس تعلق سے بیداری پروگراموں کا انعقاد ہو رہا ہے ۔

ہائی کورٹ

جموں کشمیر لداخ ہائی کورٹ کے جج جسٹس جاوید اقبال وانی اپنے عہدے سے سبکدوش ہو گئے ہیں ۔ اس سلسلے میں کل عدالتِ عالیہ کی سرینگر شاخ میں ایک فُل کورٹ ریفرنس منعقد ہوئی جس میں چیف جسٹس جسٹس ارون پلی کے علاوہ ہائی کورٹ کے دیگر جج صاحبان اور عدلیہ کے عملے نے شرکت کی ۔

پروگرام کے آخر میں جسٹس جاوید اقبال وانی کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا ۔

ورکشاپ

سرینگر کے صنعت نگر علاقے میں قائم انڈین انسٹیچوٹ آف انٹیگریٹیو میڈیسن میں کل تین روزہ گیان بھارتَم ورکشاپ اور نیشنل سروے آف مینیوسکرپٹس کا آغاز ہوا جس کا افتتاح صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے کیا۔

یہ ورکشاپ محکمہ آرکائیوز، آثارِ قدیمہ و عجائب گھر، جموں و کشمیر کی جانب سے منعقد کیاجا رہا ہے، جس کا مقصد صدیوں پرانے مخطوطات کی شناخت، تحفظ، نگہداشت اور ڈیجیٹائزیشن کو فروغ دینا ہے۔

اپنے خطاب میں ڈویژنل کمشنر نے مخطوطاتی ورثے کے تحفظ میں عوامی شرکت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس مشن کے تحت"ہر گھر دستک" طریقہ کار اپنایا گیا ہے تاکہ مخطوطات کے محافظین تک رسائی حاصل کر کے قیمتی مخطوطات کی دستاویز بندی کو یقینی بنایا جا سکے۔

پیٹرولیم

وادی میں رسوئی گیس اور پیٹرولیم اشیا ءکا وافر سٹاک موجود ہے ۔ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے سرینگر میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا کہ وادی میں LPG کا دو ہفتے کا سٹاک موجود ہے اور صورتحال پر کڑی نظر گذر رکھی جا رہی ہے۔

QATAR

دوحہ میں قائم بھارتی سفارتخانے نے کہا ہے کہ قطر ائیر ویز نے 20 سے 22 مارچ تک قطر اوربھارت کے درمیان 25 پروازیں چلا کر 7 ہزار 750 بھارتی شہریوں کو واپس وطن پہنچایا ۔ بھارتی سفارتخانے نے وہاں مقیم بھارتیوں سے کہا ہے کہ وہ قطر کے حکام کی جانب سے وقت وقت پر جاری کی جانے والی ایڈوائزری پر سختی سے عمل کریں ۔

آدھار

Unique Identification Authority of India نے جموں کشمیر کے سکولوں میں میگا آدھار Mandatory Biometric Update کے دوسرے مرحلے کا آغاز کیا ہے ۔ اس مہم کے ذریعے یوٹی میں 2 ہزار 382 شناخت شدہ سکولونمیں زیر تعلیم تقریباً دو لاکھ طالب علموں کو آدھار خدمات فراہم کی جائیں گی ۔ جموں کشمیر کے سرمائی زون کے سکولوں میں یہ مہم کل یعنی 23 مارچ سے شروع ہوئی جبکہ گرمائی زون کے سکولوں میں مہم کا آغاز یکم اپریل سے ہو گا ۔

شہیدی دوس

شہیدی دوس اور قومی گیت وندھے ماترم کے 150 برس مکمل ہونے کی مناسبت سے جموں کشمیر کے مختلف اضلاع میں ایک ہفتے تک جاری رہنے والی خصوصی تقریبات کا آغاز ہو گیا ہے ۔

اننت ناگ کے ٹاون ہال میں منعقدہ ایک تقرکا افتتاح ضلعے کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کیا ۔

بارہمولہ میں بھی اسی طرح کی ایک تقرب منعقد ہوئی جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر سید فخر الدین حامد نے کی ۔

کپوارہ میں ضلع سطح کی سب سے بڑی تقریب ڈپٹی کمشنر سری کانت سوسے اور بڈگام میں ڈپٹی کمشنر اطہر عامر خان کی صدارت میں منعقد ہوئی ۔

کولگام ، شوپیان ،گاندربل اور پلوامہ کے علاوہ جموں صوبے کے مختلف اضلاع سے بھی اس طرح کی تقریبات کے انعقاد کی خبریں موصول ہوئی ہیں ۔

ڈپٹی کمشنر کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے انتظامیہ کے افسران کی ایک میٹنگ طلب کر کے ضلعے میں سکیم کے تحت درِ دست Revamped Distribution Sector بجلی کی سپلائی صورتحال اور لئے گئے مختلف پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں ضلعے کے مختلف علاقوں میں سمارٹ میٹروں کی تنصیب کے بارے میں بھی جانکاری دی گئی ۔

تہوار

نوراتروں کے جاری تہوار کے دوران لاکھوں کی تعداد میں شردھالو شری ماتا ویشنو دیوی استھاپن پر حاضری دے رہے ہیں ۔ ہمارے جموں کے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ تہوار کے پہلے چھ دنوں میں دو لاکھ سے زیادہ شردھالووں نے استھاپن پر حاضری دی ۔ شردھالووں کے بھاری رش کے باوجود یاترا احسن طریقے پر جاری ہے اور شرائن بورڈ نے شردھالووں کی سہولت کے لئے مناسب انتظامات کئے ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****